فوری ریلیز کے لیے: 16/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے $85 ملین کے نیویارک ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائزز پروگرام میں دس گرینڈ پرائز جیتنے والوں کا اعلان کیا

اختراعی، دہرائے جانے کے قابل پروجیکٹس فضائی آلودگی کو کم کریں گے اور ریاست نیویارک بھر میں سہولیات سے محروم کمیونٹیز میں بجلی پر منتقلی اور آمد و رفت کے اختیارات کو وسعت دیں گے

انہوں نے 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 85 فیصد تک کم کرنے کے آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے اہداف کی حمایت کی

گورنر Hochul نے آج $85 ملین کے نیویارک ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائزز پروگرام کے حصے کے طور پر دس گرینڈ پرائز ایوارڈز کا اعلان کیا ہے تاکہ ماحول دوست ذرائع آمد و رفت میں اضافہ کیا جاسکے، سفر کے انتخابات کو بہتر بنایا جاسکے اور آمد و رفت کے جدید حلوں کے ذریعے نقصان دہ اخراجوں کو کم کیا جاسکے۔ نیویارک اسٹیٹ انرجی اینڈ ریسرچ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر انتظام، ریاست نیو یارک کے عوامی خدمت کے محکمے اور ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے ساتھ شراکت داری میں، منتخب کردہ دہرائے جانے کے قابل پروجیکٹس ریاست نیویارک میں سہولیات سے محروم کمیونٹیز میں تبدیلی لانے والی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ اعلان، ریاست کے قومی سطح پر موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کی حمایت کرتا ہے کہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 85 فیصد تک کم کیا جائے اور صاف توانائی کی سرمایہ کاری کے فوائد میں سے کم از کم 35 فیصد، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز میں پہنچائے جائیں۔

"مجھے ریاست نیویارک کی، ماضی میں سہولیات سے محروم کمیونٹیز کے لیے صاف ٹرانسپورٹیشن میں اب تک کی سب سے اہم سرمایہ کاری فراہم کرنے پر فخر ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ذرائع آمد و رفت کے ماحول دوست اختیارات تک رسائی کو بہتر بنانا، ٹرکوں اور بسوں کو بجلی سے چلانا اور فضائی آلودگی کو کم کرنے والے پروجیکٹس کی حمایت کرنا ملازمتیں پیدا کرنے، صحت کو بہتر بنانے اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے ساتھ، رہائشیوں اور باہر سے آنے والوں کے کمیونٹی کی سہولیات، تفریح اور کام کے مواقع تک رسائی کے طریقوں میں جدت لاتا ہے۔"

"آج کا دن، ماضی میں پسماندہ رہ جانے والی کمیونٹیز کو فائدہ پہنچانے کے لیے آمد و رفت کے جدید ترین ماحول دوست حلوں اور ماڈلز میں نیویارک کی، ملک کی سرکردہ سرمایہ کاریوں کے لیے فتح کا دن ہے۔" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائز پروگرام کے ذریعے، گرینڈ پرائز ایوارڈ یافتگان نے مستقبل سے ہم آہنگ پروجیکٹس بنائے جو ذرائع آمد و رفت کے خلا کو پُر کرنے، ماحول دوست توانائی کی مقامی ملازمتوں کو فروغ دینے اور جن علاقوں میں آلودگی کو کم کرنے کی سب سے زیادہ ضرورت ہے ان کے لیے، کمیونٹی کی انتہائی لازمی آراء کی عکاسی کرتے ہیں۔"

لیفٹیننٹ گورنر Delgado نے یہ اعلان کوینز نیویارک میں جان ایف کینیڈی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر TWA ہوٹل میں منعقدہ ایک ایوارڈ تقریب میں، ایک دن تک چلنے والے شوکیس ایونٹ کے بعد کیا جہاں پروگرام کے فائنلسٹس نے پروگرام کے پہلے مرحلے میں اپنے جدت کا شاہکار ٹیکنالوجی اور خدمات کے حل پیش کیے۔

گرینڈ پرائز جیتنے والے

پروگرام کے دوسرے مرحلے میں، گرینڈ پرائزز کی کُل مالیت 82$ ملین تھی، جبکہ جنوری 2022 میں پروگرام کے پہلے مرحلے کے تحت 17 فائنلسٹس کو پیشہ ورانہ منصوبہ بندی کی رہنمائی اور کمیونٹی کی رائے کے ذریعے اپنے پروپوزل کو بہتر بنانے کے لیے 3$ ملین کا ایک اضافی ایوارڈ دیا گیا تھا۔ اس کے بعد پروگرام کے دوسرے مرحلے کے تحت اپ ڈیٹ شدہ پروپوزلز جمع کروائے گئے اور ان پر گرینڈ پرائز کے انتخاب کے لیے غور کیا گیا۔

کلین نیبرہڈز چیلنج:

10$ ملین کے تین عدد گرینڈ پرائزز ان پروجیکٹس کو دیے گئے جو سہولیات سے محروم کمیونٹیز میں فضائی آلودگی میں بڑے پیمانے پر کمی کے حل پیش کرتے ہیں۔

نیویارک سٹی:

- کلین ٹرانزٹ ایکسیس پروگرام - Dollaride کی قیادت میں NYC ڈالر وینز کو بجلی سے چلانا
- دی برونکس اِز بریدنگ: Volvo گروپ شمالی امریکا کے ذیلی ادارے، Volvo Technology of America کے زیر قیادت کلینر ہنٹس پوائنٹ کا تصور نئے انداز میں

مغربی نیویارک

- لوکل انیشیٹوز سپورٹ کارپوریشن کے مشرقی نیویارک کے دفتر کے زیر قیادت بفیلو کے ماحول دوست ذرائع آمد و رفت والے مستقبل کے لیے لوگوں، جگہ اور پالیسی کو مرکز بنانا

برقی ذرایع آمد و رفت کا چیلنج:

7$ ملین کے چار گرینڈ پرائزز سہولیات سے محروم کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرنے والے برقی ذرائع آمد و رفت کے اختیارات پیش کرنے والے پراجیکٹس کو ایوارڈ کیے گئے۔

لانگ آئی لینڈ:

- پائیدار ذرائع آمد و رفت کا فروغ: لانگ آئی لینڈ میں Circuit Transit Inc. کے زیر انتظام (TFR Holdings Corp. کے ذریعے) الیکٹرک مائیکرو شٹل سروسز

مڈ ہڈسن:

- پروجیکٹ MOVER: EIT InnoEnergy USA کی قیادت میں وسیع پیمانے پر ای - مائیکرو موبلٹی ریپلی کیشن کی طرف بڑھنا

نیویارک سٹی:

- Revel Transit کے زیر انتظام ریڈ ہک ریچارج زون

جنوبی ٹیئر:

- ٹومپکنز کنسولیڈیٹڈ ایریا ٹرانزٹ کے زیر انتظام ٹومپکنز کاؤنٹی ٹرانسپورٹیشن ایکویٹی اینڈ ایکسیس پروجیکٹ

[برقی ٹرک اور بس چیلنج](#):
8$ ملین کے تین گرینڈ پرائزز، بجلی سے چلنے والے حل یا درمیانے اور بھاری درجے کی برقی گاڑیوں پر منتقلی پیش کرنے والے پراجیکٹس کو ایوارڈ کیے گئے۔

مڈ ہڈسن، نیو یارک سٹی:

- CALSTART کی قیادت میں ٹرانسفارمیشن کے لیے فریٹ الیکٹریفکیشن- بطور سروس

نیویارک سٹی:

- Krueger Transport کی قیادت میں نیویارک میں فیول سیل بس اور ہائیڈروجن انفرااسٹرکچر کی تعیناتیوں میں تیزی
- نیویارک سٹی اسکول بس امبریلا سروسز کے زیر قیادت برونکس میں اسکول بسوں کو بجلی سے چلانا

NYSERDA کی صدر اور CEO اور کلائمیٹ ایکشن کونسل کی شریک چیئر، Doreen M. Harris نےکہا، "ہمیں ریاستی ایجنسیز، جدت کاروں اور یوٹیلیٹیز کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے ان حلوں میں معاونت فراہم کرنے پر فخر ہے جو کہ سہولیات سے محروم کمیونٹیز میں آمد و رفت کی رکاوٹوں کو دور کرنے میں سب سے آگے ہیں۔ دہرائے جانے کے قابل یہ حل جدت ساز ذرائع آمد و رفت میں سے بہترین کی نمائندگی کرتے ہیں اور اس بات پر روشنی ڈالتے ہیں کہ ہم پالیسی نافذ کنندگان، اختراع ساز اور کمیونٹی پارٹنرز کی حیثیت سے، ایمپائر اسٹیٹ میں ماحول دوست ذرائع آمد و رفت کے اختیارات کو بڑھانے میں مدد کے لیے کس طرح مل کر کام کر سکتے ہیں۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور آب و ہوا کی اقدامی کونسل کے شریک چیئر Basil Seggos نے کہا، "آلودگی سے غیر متناسب طور پر متاثر ہونے والی کمیونٹیز میں گاڑیوں کے اخراجوں کو کم کرنے کی ہدفی کوششیں ایک زیادہ صاف ٹرانسپورٹیشن سیکٹر بنانے اور عوامی صحت کے تحفظ کے لیے انتہائی لازمی ہیں۔ گورنر Hochul کی قیادت میں، نیویارک کا ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائزز پروگرام ایسے پائیدار حلوں میں سرمایہ کاری کرنا جاری رکھے ہوئے ہے جو سہولیات سے محروم کمیونٹیز میں خاندانوں کی ضروریات کو پورا کرتے ہیں، آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ میں درج ہماری ریاست کے گرین ہاؤس گیسز کے اخراج میں کمی کے کڑے اہداف کو آگے بڑھاتے ہیں اور ہماری ریاست کو ایک ماحول دوست، صحت مند مستقبل کی طرف بڑھاتے ہیں۔"

نیویارک اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین Rory M. Christian نے کہا، "میں گورنر Hochul کو سراہتا ہوں کہ سہولیات سے محروم کمیونٹیز میں آمد و رفت کی شدت سے درکار ضروریات کو حل کرنے کے لیے، ماحول دوست ذرائع آمد و رفت اور نقل و حرکت کے حلوں کے لیے ان کی جانب سے معاونت مسلسل جاری ہے۔ ایک حکمت عملی پر مبنی اس تعاون کے ذریعے، ہم ایسے منصفانہ حلوں کو متعین کر کے ماحول دوست ذرائع آمد و رفت کے مستقبل کی طرف ریاست کی منتقلی کو تیز کر رہے ہیں جو کاربن کے اخراج کو کم کرتے ہیں، ہوا کے معیار کو بہتر بناتے ہیں اور نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے صحت مند کمیونٹیز تخلیق کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک محکمہ آمد و رفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نےکہا، "ریاستی محکمہ ٹرانسپورٹیشن کو گورنر Hochul کے ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے اور آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے حوصلہ مندانہ اہداف کو ملک کے اہم ایجنڈے کے طور پر نافذ کرنے میں معاونت کرنے اور شراکت دار ہونے پر فخر ہے۔ ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائزز پروگرام جیسے، آگے کی سوچ رکھنے والے اقدامات کے ذریعے، ہم سفر کے ماحول دوست طریقوں کو فروغ دے سکتے ہیں جو گاڑیوں کے اخراجوں کو کم کرنے، ہوا کے معیار کو بہتر بنانے اور پوری ریاست نیویارک کی کمیونٹیز میں صحت عامہ اور معیار زندگی کو بڑھانے میں مدد کرتے ہیں۔"

لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر Thomas Falcone نے کہا، "لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی کو ریاست بھر کی سہولیات سے محروم کمیونٹیز میں ماحول دوست ذرائع آمد و رفت کے ذریعے موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے گورنر Hochul کے ایجنڈے کی معاونت کرنے پر فخر ہے۔ ان اقدامات میں سرمایہ کاری کرکے، ہم

پائیدار ذرائع آمد و رفت کو فروغ دیتے رہیں گے، ایک ایسے شعبے میں کاربن میں کمی لاتے رہیں گے جو نیویارک میں کاربن کے اخراجوں کا تقریباً ایک تہائی حصہ ڈالتا ہے اور لانگ آئی لینڈ اور اپنی ریاست کے خاندانوں کے لیے صحت مند کمیونٹیز تخلیق کرتے رہیں گے۔"

ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا، "جبکہ ہم آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے اہداف کو لاگو کرنا جاری رکھے ہوئے ہیں، ریاست نیویارک، ذرایع آمد و رفت کے نظام کے محلّوں پر پڑنے والے اثرات کا حل کرنے کے لیے آگے بڑھ رہی ہے۔ ماحول دوست ذرائع آمد و رفت میں سرمایہ کاری کرکے، ہم آب و ہوا کو تبدیل کرنے والے اخراجوں میں اہم کردار ادا کرنے والے چوٹی کے عناصر میں سے ایک سے براہ راست نمٹ رہے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ نیویارک کے شہری اپنی آمد و رفت جاری رکھ پائیں۔ یہ گرانٹس ہماری معیشت اور ہمارے ماحول کو سہارا دیں گی۔"

رکن اسمبلی Michael Cusick نے کہا، " ٹرانسپورٹیشن سے گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو کم کرنا اور ماحول دوست توانائی کی کارکردگی کو بڑھانے کے لیے جدید حل تلاش کرنا ہی ریاست نیو یارک کے CLCPA کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے درکار چیزیں ہیں۔ میں نیویارک ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائزز پروگرام جیتنے والوں کو ان کے تخلیقی خیالات اور ہماری ریاست کے مستقبل کے لیے ایک صاف ستھرے ماحول کو یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لیے ریاست نیویارک کے لیے ان کے عزم پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔"

ٹرائی اسٹیٹ ٹرانسپورٹیشن مہم کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Renae Reynolds نے کہا، "ٹیل پائپ کے اخراج بہت سی پسماندہ کمیونٹیز میں سانس کی بیماریوں اور قبل از وقت اموات میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو کار کے استعمال سے ہٹا کر عوامی ذرائع آمد و رفت پر لے جانا فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں سے لڑنے کا سب سے مؤثر طریقہ ہے، اور جب ذرائع آمد و رفت بجلی پر چل رہے ہوں تو یہ اور بھی زیادہ اثر انگیز ہوتا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آج پیش کیے گئے پروجیکٹس ہمیں ایک زیادہ صاف، زیادہ پائیدار مستقبل کے قریب لے جائیں گے اور ہم ان تمام کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جو اگلے راؤنڈ میں پہنچے ہیں۔"

قدرتی وسائل کی دفاعی کونسل کی کلین وہیکلز اینڈ فیولز کی ایڈووکیٹ Kathy Harris نے کہا کہ، "ماحول دوست ذرائع آمد و رفت کے پروگرامز کے لیے NYSERDA کی مدد سے نہ صرف ذرائع آمد و رفت کے اخراجوں کو کم کرنے میں مدد ملے گی، بلکہ آمد و رفت کی آلودگی کا زیادہ بوجھ اٹھانے والی کمیونٹیز میں ہوا کے معیار اور صحت کو بہتر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ نیویارک کے شہریوں کے لیے صفر اخراج والے ذرائع آمد و رفت پر منتقلی اور سفر کے اختیارات میں اضافہ ریاست بھر کی کمیونٹیز میں ہوا کے معیار اور زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ایک کلیدی حکمت عملی ہے۔ ہم نیویارک کو ان پالیسیز اور پروگرامز کو آگے بڑھانا جاری رکھے ہوئے دیکھنے کی امید کرتے ہیں جو ایک منصفانہ منتقلی کی حمایت کرتے ہیں۔"

گرینڈ پرائز ایوارڈ حاصل کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ جب اس سال کے آخر میں درخواستیں کھلیں گی تو وہ NYSERDA کی [کلائمیٹ جسٹس فیلوشپ](#) کے ایک فیلو کی خدمات حاصل کریں۔ اُس پروگرام کے ذریعے، ہر پروجیکٹ والی کمیونٹی یا ترجیحی آبادی سے تعلق رکھنے والے ایک کُل وقتی فیلو کو گرینڈ پرائز ایوارڈ یافتہ کے ساتھ کام کرنے کے لیے بھرتی کیا جاسکتا ہے۔ NYSERDA اور نیشنل رینیو ایبل انرجی لیب اس کوشش کی معاونت کریں گے، جس میں NYSERDA فیلو کے وظیفے کے لیے براہ راست یا بالواسطہ طور پر فنڈنگ دے گا اور NREL تربیت، تعلیمی مواد، تحقیق اور دیگر معاونت فراہم کرے گا۔

NYSERDA اور انعام یافتہ یافتگان اگلے تین سالوں تک کمیونٹی کی ضروریات اور ریاست نیویارک کے موسمیاتی ایکٹ کے اہداف کے مقابلے میں ان پروجیکٹس کے اثرات کی پیمائش کرنے کے لیے ان کی نگرانی کریں گے۔ ہر ایوارڈ یافتہ پروجیکٹ اور مجموعی پروگرام کا تشخیصی جائزہ لیا جائے گا اور رپورٹس اور آن لائن اپ ڈیٹس کے ذریعے نتائج شیئر کیے جائیں گے تاکہ آمد و رفت کے جدید ماڈلز کی ترقی اور ان ماڈلز کو دہرانے کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔

اس انعامی پروگرام کو ریاست نیویارک کے 701$ ملین کے EV میک ریڈی پروگرام کے ذریعے سرمایہ کاروں کی ملکیتی یوٹیلیٹیز کے ذریعے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں تاکہ چارجنگ اسٹیشنز، برقی گاڑیوں کے لیے بنیادی ڈھانچے اور دیگر ماحول دوست ذرائع آمد و رفت کے اختیارات تک رسائی کو فروغ دیا جاسکے اور سماجی و اقتصادی طور پر کمتر اور پسماندہ کمیونٹیز کے لیے مساوی رسائی اور فوائد کی معاونت کی جاسکے۔ لانگ آئی لینڈ پاور اتھارٹی نے برقی ذرائع آمد و رفت کے چیلنج کے تحت لانگ آئی لینڈ سے متعلق ایوارڈ کو فنڈ دینے کے لیے نیویارک ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائزز پروگرام میں شراکت کی۔

پروگرام کے تمام فائنلسٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ مہربانی نیویارک ماحول دوست ذرائع آمد و رفت پرائزز کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

ریاست نیویارک کی 1$ بلین کی سرمایہ کاری اس کے آمد و رفت کے شعبے کو برقی بنانے میں ریاست کے صاف آب و ہوا اور ماحول دوست توانائی کے منصوبے کو پورا کرنے کے لیے بہت ضروری ہے۔ ریاست، گورنر Hochul کی قیادت میں، تیزی سے ایسے اقدامات کو آگے بڑھا رہی ہے تاکہ 2035 تک فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہو، ساتھ ہی اسی سال تمام اسکول بسوں کا اخراج بھی صفر ہو۔ گاڑیوں سے کاربن کے اخراج اور آلودگی کو کم کرنے سے صاف ہوا اور صحت مند کمیونٹیز بنتی ہیں، خاص طور پر سہولیات سے محروم علاقوں میں۔ بہت سے اقدامات برقی گاڑیوں تک رسائی کو بڑھا رہے ہیں اور نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے ماحول دوست ذرائع آمد و رفت کو بہتر بنا رہے ہیں جن میں EV میک ریڈی، ای وولو NY، ڈرائیو کلین ریبیٹ، نیویارک ٹرک واؤچر انسینٹو پروگرام، چارج NY اور نیشنل الیکٹرک وہیکل انفرااسٹرکچر پروگرام کے تحت وفاقی فنڈنگ شامل ہیں۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ یہ صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیویارک کی بے مثال سرمایہ کاری کو دوام بخشتا ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابل تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، نقل و حمل کے صاف اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زیادہ اور NY گرین بینک کے وعدوں کی مد میں 1.6$ بلین شامل ہیں۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ موسمیاتی ایکٹ کے تحت، نیویارک اس پیشرفت کو بروئے کار لائے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 85 فیصد تک کم کرے گا، جبکہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاری کے، 40 فیصد فوائد کے ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد فوائد کو پسماندہ کمیونٹیز تک پہنچایا جائے اور ریاست کے 2025 کے توانائی کی کارکردگی کے ہدف کی طرف پیش قدمی کی جائے جس میں سائٹ پر توانائی کی کھپت کو، استعمال ہونے والی توانائی کی بچت کے ذریعے 185 ٹریلین BTUs تک کم کیا جائے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418